اس سے زیادہ جامع اور وزنی کتاب دیکھنے میں نہیں آئی۔ اس کا انگریزی اور عربی میں ترجمہ بھی بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

معیار کتابت وطباعت عمدہ ہے۔

اسلامی تحقیق کا مفہوم، مدعا اور طریق کار | ڈاکٹر محمد رفیع الدین۔ ایم اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی لٹ۔
شائع کردہ: دارالاشاعت الاسلامیہ لاہور۔ قیمت ایک روپیہ۔

ڈاکٹر رفیع الدین صاحب مرحوم کو اللہ تعالیٰ نے فہم رسا کے ساتھ دلِ بیدار بھی دے رکھا تھا۔ انہوں نے اسلام کے جن پہلوؤں پر لکھا، بڑے تدبّر، دانائی اور مومنانہ بصیرت کے ساتھ لکھا۔ یہ کتابچہ ان کی سلامتیِ فکر کا ایک اچھا نمونہ ہے۔ اس میں انہوں نے ملک کے تحقیقِ اسلامی کے اداروں کو ان کی اصلی ذمہ داریوں کا احساس دلایا ہے اور انہیں بتایا ہے کہ بحیثیت مسلمان ہمیں کس نہج اور انداز پر تحقیق کرنے کی ضرورت ہے۔

A BOOK OF QURANIC LAWS — قرآنی قوانین کی کتاب | تالیف: محمد ولی بھائی سوداگر۔ ناشر: شیخ محمد اشرف کشمیری بازار لاہور۔ قیمت ساڑھے سات روپے۔ صفحات ۱۹۵

اس کتاب میں مصنف نے توحید، عبادات، صدقہ وخیرات، روزہ، حج، اکل وشرب کے بارے میں اسلامی ضابطے اور قوانین، نکاح، طلاق، وراثت، سود اور پردہ کے بارے میں قرآن مجید کے احکام کو یکجا کر دیا ہے۔ آیات کے ترجمہ کے لیے راڈویل کا ترجمۂ قرآن سامنے رکھا گیا ہے۔ اس طرح اس کے ترجمے کے بہت سے اسقام بھی کتاب میں منتقل ہو گئے ہیں۔ جو انگریزی دان مندرجۂ بالا موضوعات پر قرآن مجید کی آیات کو یکجا دیکھنا چاہتے ہیں انہیں اس مجموعے سے اچھی خاصی رہنمائی مل سکتی ہے۔ مرتب کے بعض ذاتی اجتہادات سے اتفاق نہیں کیا جا سکتا۔

طباعت وکتابت کا معیار گوارا ہے۔